LIBRARY

## Class: B.Com 1 Semester

Time: 2.30 mnts | Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے: 10x1=10

1. 'ادب کی حقیقت'............... کا لکھا ہوا مضمون ہے۔ (ڈاکٹر عبدالسلام، ڈاکٹر اطہر پرویز، ڈاکٹر عزیز احمد)
2. ایک بھوکا برہمن خان خاناں کے۔۔۔۔۔۔۔ پر آیا۔ (دربار ، دروازہ ، گھر)
3. ایسی مٹھائی لائیں گے جو آپ نے۔۔۔۔۔ میں بھی دیکھی نہ ہوگی۔ (دوکان ، گھر ، خواب)
4. جب۔۔۔۔۔ کا موسم آتا ہے تو زندگی کی ہر سرگرمی ٹھٹھر کر رہ جاتی ہے۔ (بارش ، سردی ، گرمی)
5. آج تک کسی کو۔۔۔۔۔۔ سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوا۔ (جنگ ، لڑائی ، پڑھائی)
6. چچا چھکن نے گھڑی ٹانگی۔ صحیح/غلط
7. ادب میں مبالغہ سے کام لیا جاتا ہے۔ صحیح/غلط
8. نظم 'مکافاتِ عمل' کے شاعر نظیر اکبرآبادی ہیں۔ صحیح/غلط
9. خان خاناں نے مصوّر کو پانچ ہزار روپیہ انعام دیا۔ صحیح/غلط
10. 'تہذیب کا عروج' فراق گورکھپوری کی لکھی ہوئی نظم ہے۔ صحیح/غلط

BMSCW LIBRARY

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے: 2x10=20

1. عبدالرحیم خان خاناں کی دریا دلی کے دو واقعات لکھئے۔
2. بھولا کے گھر سے کیسے غائب ہوا ؟
3. مضمون نگار نے ادب کی اہمیت کو کس طرح واضح کیا ہے؟

III متن کے حوالے سے کسی تین کی وضاحت/تشریح کیجئے: 3x2=06

1. ''لوگ پھلے ہوئے درخت پر پتھر مارتے ہیں، جو میرا پھل ہے وہ مجھے دینا واجب ہے۔''
2. ''بات بھی اچھی ہو اور اچھے طریقے سے کہی گئی ہو۔''
3. ''تم بحث میں کسی جاہل کو زیر نہیں کر سکتے۔''
4. ''دن کو کہانی سنانے سے مسافر راستہ بھول جاتے ہیں۔''
5. ''تمہیں کبھی جھوٹے منہ سے داد کے دو لفظ کہنے کی توفیق نہ ہوئی۔''
6. پھر خاک کا گھروندا، آنگن میں میں بناؤں ۔۔۔ چھوٹی سی اپنی کشتی، پانی میں پھر بہاؤں

LIBRARY

V کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: 1x8=08

1. مکافاتِ عمل

2. بچپن کی یاد

3. داستانِ آدم

VI کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے: 3x2=06

1 . سمجھو خدا کے واسطے یارو بُرا نہیں
دو دن اگر کسی کے کوئی کام آگیا

2 . کہہ سکے کون کہ یہ جلوہ گری کس کی ہے
پردہ چھوڑا ہے وہ کہ اُس نے ، کہ اٹھائے نہ بنے

3 . ہم جس پہ مررہے ہیں، وہ بات ہی کچھ اور ہے
عالم میں تجھ سے لاکھ سہی ، تو مگر کہاں

4 .جب لگ نہ ملے شرابِ دیدار
انکھیاں کا خماریوں کہ جاوے

5 .اتنا لکھائیو میری لوحِ مزار پر
یاں تک نہ ذی حیات کو کوئی خفا کرے

BMSCW LIBRARY

VII کسی دو کے مختصر جواب لکھئے: 2x5=10

1. چچا چھکن نے تصویر کیسے ٹانگی؟

2. چچا چھکن نے نوچندی دیکھنے کی کیا تیاری کی؟

3. چچا چھکن کے دھوبن کو کپڑے دینے کا حال لکھئے۔

LIBRARY

## Class: B.Sc 1 Semester

Time: 2.30 mnts　　　　Marks: 60

I　صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:　　10x1=10

1. افسانہ 'سودیشی ریل' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے لکھا ہے۔　(پروفیسر مرن سعید ، شوکت تھانوی ، نظیر صدیقی)
2. اُردو کے پہلے شاعر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔　(مرزا غالبؔ ، علامہ اقبالؔ ، امیر خسرو)
3. کلیم شیخ چلّی کے منصوبے سوچتا ہوا اپنے ۔۔۔۔۔۔۔ مرزا کے مکان پر پہنچا۔ (رشتہ دار، پڑوسی ، دوست)
4. اخلاقی اعتبار سے انسان کی ۔۔۔۔۔۔ قسمیں بتائی جاتی ہیں۔　(چار ، تین ، دو)
5. افسانہ 'پوس کی رات' میں ہلکو کے کتّے کا نام ۔۔۔۔۔۔ ہے۔　(جگرا ، جبرا ، ہیرا)
6. اُردو زبان نے اپنا رسمِ خط فارسی سے حاصل کیا ہے۔　صحیح/غلط
7. سودیشی ریل کے ذریعہ ہمارے معاشرہ کی خرابیوں کو پیش کیا گیا ہے۔　صحیح/غلط
8. ظاہر دار بیگ نے کلیم کی اچھی مہمان نوازی کی۔　صحیح/غلط
9. نظم ''بنجارہ نامہ'' شاعر نظیر اکبرآبادی نے لکھی ہے۔　صحیح/غلط
10. پطرس ہاسٹل میں رہ کر پڑھنے میں کامیاب ہوئے۔　صحیح/غلط

BMSCW LIBRARY

II　کسی دو کے تفصیلی جواب لکھیے:　　2x10=20

1. اُردو زبان کے آغاز کے مختلف نظریات بیان کیجیے۔
2. گھر سے نکلنے کے بعد کلیم کی کیا حالت ہوئی؟
3. 'سودیشی ریل' کے ذریعہ افسانہ نگار نے کیا پیغام دیا ہے؟

III　متن کے حوالے سے کسی تین کی وضاحت/تشریح کیجیے:　　3x2=06

1. ''میں آج شب آپ ہی کے یہاں رہنے کی نیّت سے آیا ہوں۔''
2. ''انسان بڑا خودفریب اور خداپرست واقع ہوا ہے۔''
3. ''آج یہ کیا بات ہے کہ کچھ اندھیرا اندھیرا سا ہے۔''
4. ''ایک روپیہ دیں گے۔ ایک روپیہ میں دینا ہو تو دے دو۔''
5. یقیں محکم عمل پیہم، محبت فاتح عالم　　جہادِ زندگانی میں یہ ہیں مردوں کی شمشیریں

LIBRARY

V کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: 1x8=08

1. بنجارہ نامہ

2. عدلِ جہانگیری

3. مردِ مسلماں سے خطاب

VI کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے: 3x2=06

1. مرے سلیقے سے میری نبھی محبت میں
تمام عمر میں نا کامیوں سے کام لیا

2. شمع کے مانند ہم اُس بزم میں
چشم ِ تر آئے تھے ، دامن تر چلے

3. چاروں طرف سے صورت ِ جاناں ہو جلوہ گر
دل صاف ہو ترا تو ہے آئینہ کانہ کیا

4. سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں

5. کتنے شیریں ہیں تیرے لب، کہ رقیب
گالیاں کھا کے بے مزہ نہ ہوا

BMSCW LIBRARY

VII کسی دو کے مختصر جواب لکھئے: 2x5=10

1. پطرس نے ہاسٹل میں رہ کر تعلیم حاصل کرنے کے کئے کیا کوششیں کیں؟

2. کاہل طالبِ علم کی صبح کیسے ہوتی تھی؟

3. کتوں سے پطرس کے تعلقات کیوں کشیدہ رہے؟

LIBRARY

# Class: B.C.A & BBA 1 Semester

Time: 2.30 mnts                                                                 Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:                10x1=10

1. مولوی عبدالحق صاحب بڑے ۔۔۔۔۔۔۔۔ سے رہتے تھے۔ (شان ، ٹھاٹ ، مرتبے)
2. 'خواجہ سگ پرست' کے مضمون نگار ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔ (خواجہ احمد فاروقی ، میر امّن ، نظیر صدیقی)
3. 'جہاں میں رہتا ہوں' وہاں لوگوں کو ۔۔۔۔۔۔ کے راستے پر چلنا تو درکنار راستہ پر چلنا نہیں آتا۔ (کامیابی ، ترقی ، اچھائی)
4. پاگل خانے میں ایک پاگل ایسا بھی تھا جو خود کو ۔۔۔۔۔۔ کہتا تھا۔ (آزاد ، ولی ، خدا)
5. میں پہلے سال بی۔اے میں کیوں ۔۔۔۔۔ ہوا ، اس کا سمجھنا آسان ہے۔ (پاس ، فیل ، ناکام)
6. نظم ''دولت اور وقت'' کے شاعر الطاف حسین حالی ہیں۔ صحیح/غلط
7. ڈرامہ 'نیا پرانہ' میں روی دیو اسکول کا ہیڈ ماسٹر ہے۔ صحیح/غلط
8. 'خواجہ سگ پرست'' میں وزیرزادی اپنے باپ کو رہائی دلانے میں کامیاب ہوئی۔ صحیح/غلط
9. مولوی عبدالحق اردو کے نامور محقق تھے۔ صحیح/غلط
10. 'نیا پرانا' میں دیو چند اور کمل سگے بھائی ہیں۔ صحیح/غلط

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے:                2x10=20

1. 'ٹوبہ ٹیک سنگھ' میں پاگلوں کے تبادلے کا حال لکھئے۔
2. وزیرزادی اپنے باپ کو رہا کرانے میں کیسے کامیاب ہوئی؟
3. 'جہاں میں رہتا ہوں' میں اپنے ماحول کا کیا نقشہ پیش کیا ہے؟

III متن کے حوالے سے کسی تین کی وضاحت/تشریح کیجئے:                3x2=06

1. ''تمہارا شخصیت سے آخر کیا مطلب ہے؟۔''
2. ''ہندوستان میں ایسی جگہ جہاں استرے بنتے ہیں۔''
3. ''مجھے تمہار کھانا کھانا مکروہ ہے۔ جب تک یہ شبہ دل سے دور نہ ہو۔''
4. ''میرا حال یہ ہے کہ میں نے سالن وغیرہ کھانا چھوڑ دیا ہے۔''
5. وہ فردِ اوّلیں تھا کہ جس نے جنوب میں            ساحل پہ بُن دیا تھا جہازوں کا ایک دام

BMSCW LIBRARY

LIBRARY

V کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: 1x8=08

1. خوشامد

2. دولت اور وقت

3. بہار کی ایک دوپہر

VI کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے: 3x2=06

1. نہ گورِ سکندر ہے نا قبرِ دارا
مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

2. جلا ہے جسم جہاں دل بھی جل گیا ہوگا
کریدتے ہو جو اب راکھ جستجو کیا ہے

BMSCW LIBRARY

3. عاشق سا تو سادہ کوئی نہ ہوگا دنیا میں
جی کے زیاں کو عشق میں اُس کے اپنا وار جانے ہے

4. وائے نادانی ! وقتِ مرگ یہ ثابت ہوا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا ، جو سنا افسانہ تھا

5. نہ کر شمشاد کی تعریف مجھ پاس
کہ میں اُس سرو قد کا مبتلا ہوں

VII کسی دو کے مختصر جواب لکھئے: 2x5=10

1. دیو چندروی دت سے کیوں پریشان تھا؟

2. للّی کی ماں نے روی دت کے پاس کیا امانت رکھی؟ اور کیوں؟

3. پرتما نے دیو چند کا کس طرح ساتھ دیا؟

LIBRARY

## Class: B.A 1 Semester

Time: 2.30 mnts | Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے: 10x1=10

1. انسانی۔۔۔۔۔۔پرکوشش کروتا کہ اخیروقت میں اس بڈھے کی طرح نہ پچھتاؤ۔ (اچھائی ، بھلائی ، نیکی)
2. ۔۔۔۔۔۔کی دوکان میں ورسٹیڈ کے تھانوں کے تھان کھلے پڑے تھے۔ (کتابوں ، کھلونوں ، کپڑوں)
3. مجھے سنتے ہی غصہ چڑھ آیا اور کھسیانے ہوکر فرمایا کہ اس وزیر کی۔۔۔۔۔مارو۔ (گردن ، ٹانگ ، ناک)
4. ۔۔۔۔۔۔کا سارا علاقہ برابرا تری ہندوستان سے الگ تھلگ رہا۔ (پچھّم ، پورب ، دکن)
5. مگر بے وقوف اس وقت میرے۔۔۔۔۔۔پر دو مسافر بیٹھ گئے ہیں۔ (پیر ، سر ، سینہ)
6. 'محل سرا' میں منظور مصوّر رہے۔ صحیح/غلط
7. نظم ''آدمی نامہ'' کے شاعر نظیرا کبرآبادی ہیں۔ صحیح/غلط
8. مضمون 'خواجہ سگ پرست' میں وزیرزادی اپنے باپ کو آزاد کرانے میں کامیاب ہوئی۔ صحیح/غلط
9. ریل منتری نے اپنے سکریٹری کے ساتھ بلاٹکٹ ریل میں سفر کیا۔ صحیح/غلط
10. اردو کی عمر ہندوستان کی نئی زبانوں میں کسی زبان سے کم نہیں ہے۔ صحیح/غلط

BMSCW LIBRARY

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے: 2x10=20

1. ریل منتری کے سفر کا حال اپنے الفاظ میں لکھئے۔
2. 'خواجہ سگ پرست' میں وزیر کیوں گرفتار ہوا؟ اور وہ کیسے رہا ہوا؟
3. اردو زبان وادب کے آغاز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

III متن کے حوالے سے کسی تین کی وضاحت/تشریح کیجئے: 3x2=06

1. ''افسوس میں نے اپنے تئیں ہمیشہ یہ کہہ کر برباد کیا کہ ''ابھی وقت ہے۔''
2. ''اگر راستہ میں کوئی حادثہ پیش نہ آئے تو بمبئی تک جائے گی۔''
3. ''جیب میں دام ہوں تو انارکلی میں سے گزرنا معیوب نہیں۔''
4. ''بھئی ہلومت۔ ادھر دیکھو۔ پھر ہلیں، تمہیں ڈر لگ رہا ہے کیا؟''
5. بیٹھے ہیں آدمی ہی دکانیں لگا لگا کہتا ہے کوئی لو! کوئی کہتا ہے لا رے لا!

LIBRARY

V کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے: 1x8=08

1. آدمی نامہ
2. اُجڑا ہوا گھر
3. گزرے زمانے کی یاد

VI کسی تین اشعار کی تشریح کیجیے: 3x2=06

1. یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے، یہی انتظار ہوتا

2. ٹھانی تھی دل میں اب نہ ملیں گے کسی سے ہم
پر کیا کریں کہ ہو گئے لاچار جی سے ہم

BMSCW LIBRARY

3. خدا دشمن کو وہ کچھ نہ دکھائے
جی جو کچھ دوست اپنے سے ہم دیکھتے ہیں

4. نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

5. اذیّت، مصیبت، ملامت، بلائیں
ترے عشق میں ہم نے کیا کیا نہ دیکھا

VII کسی دو کے مختصر جواب لکھیے: 2x5=10

1. ریحانہ جاگیردارانہ نظام کا کیوں شکار ہوئی؟
2. نواب صاحب کے شوق کی قیمت گھر والوں نے کیسے چکائی؟
3. سلیم ریحانہ کو آزاد کرنے کی کیا کوشش کی؟

LIBRARY
BMSCW LIBRARY